نغمۂ توحید

مظہرالدین

قلندروں کی اذاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
سرودِ زندہ دلاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

سکونِ قلبِ تپاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
دوائے دردِ نہاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

فروغِ کون و مکاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
تجلیوں کا جہاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

ہے بے نیازِ خزاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
بہارِ باغِ جناں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

بتوں سے دے گا اماں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
بنا وظیفۂ جاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

وہ خود ہے جلوہ فشاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
وجودِ غیر کہاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

غریبِ شہر کے سینے میں ہے نہاں کوئی
فقیر کا ہے بیاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

یہی ہے میرا پتا لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُو!
یہی ہے میرا نشاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

جنوں مشاہدۂ ذاتِ ذوالجلال میں ہے
خرد ہے وہم و گماں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

نظر اٹھا کہ جمودِ حیات بھی ٹوٹے
پکار، زمزمہ خواں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

اسی لیے تو بتوں کی جبیں ہے خاک آلود
ہے میرے وردِ زباں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

دلیلِ عظمتِ انساں حصارِ ملکِ یقیں
پناہ گنبدِ ناں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

ہے میرا نغمۂ توحید لاشریک لہٗ
ہے میری نابِ نواں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

اسی سے میری محبت کی شام ہے رنگین
میری سحر کی اذاں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

وہیں جمالِ رُخِ یار کی تجلّی ہے
جہاں ہے وجد کناں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

بہا کے آج لیے جا رہا ہے مظہر کو
برنگِ سیلِ رواں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ !